بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر پی اے بی (لیجس-۱۷ (1) /۲۰۱۸

مورخہ ۳۰ نومبر ۲۰۲۰ء

بجانب:۔

۱) جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان،
کوئٹہ۔

۲) جناب ایڈیشنل چیف سیکرٹری
محکمہ داخلہ و قبائلی امور،
حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

عنوان:۔ **قرارداد نمبر ۹۱**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ ۲۷ نومبر ۲۰۲۰ء میں پاس شدہ ذیل قرارداد نمبر ۹۱ منجانب محترمہ شکیلہ نوید قاضی، رکن صوبائی اسمبلی برائے ملاحظہ و مزید کارروائی ارسال خدمت ہے:۔

(نیز قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 114(2) کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو اسمبلی سیکرٹریٹ کی طرف سے اس اطلاع کی تاریخ سے ساٹھ یوم کے اندر پاسداری رپورٹ کی شکل میں آگاہ کریں)۔

قرارداد

"ہرگاہ کہ ملک کے دیگر صوبوں میں خواتین پولیس فورس اور تھانوں کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جبکہ بلوچستان جو جو ایک قبائلی معاشرہ پر مشتمل صوبہ ہے میں تاحال خواتین پولیس فورس اور تھانوں کا قیام عمل میں نہیں لایا گیا ہے جس کی وجہ سے صوبہ کے عوام بالخصوص خواتین میں شدید تشویش اور بے چینی پائی جاتی ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ صوبہ میں خواتین پولیس فورس اور تھانوں کے قیام کو یقینی بنائے تاکہ صوبہ کے عوام بالخصوص خواتین میں پائی جانیوالی شدید تشویش اور بے چینی کا خاتمہ ممکن ہوسکے"۔

(طاہر شاہ کاکڑ)
سیکرٹری

نقل برائے اطلاع و ضروری کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:

۱) جمیع معزز اراکین بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۲) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بلوچستان، کوئٹہ۔
۳) جناب انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان، کوئٹہ۔
۴) جناب ڈائریکٹر جنرل (لیویز) بلوچستان کوئٹہ۔
۳) جناب سیکریٹری برائے اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۴) پی ایس برائے سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

(عبدالرحمٰن)
ایڈیشنل سیکرٹری (قانون سازی)

Scanned with CamScanner